الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حلقہ ذمہ دار کے کام

﴿1﴾ حلقہ میں مدنی قاعدہ سننا۔

﴿2﴾ وقفہ برائے طعام میں دستر خوان بچھانا۔ اپنے حلقے کی اسلامی بہنوں کو کھانے کا وُضو کروا کر فوراً بٹھانا۔ برتن رکھوانا۔ نیتیں کروانا۔ دعائیں پڑھانا اور آخر میں دستر خوان بڑھانے کی ترکیب کروانا۔

☆ کھانا کھانے کی نیتیں کروانے کی باری مختلف اسلامی بہنوں کو دی جائے۔ (نیتیں ہو جائیں تو کھانا لانے کی ترکیب کی جائے)

﴿3﴾ قفلِ مدینہ کی کارکردگی اپنے حلقے کی اسلامی بہنوں سے لے کر روزانہ درجہ ذمہ دار تک پہنچانا۔

﴿4﴾ سامان منگوانے کی لسٹ درجہ ذمہ دار سے وصول کر کے ناظمہ کو پیش کر کے سامان منگوانے کی ترکیب بنانا۔

﴿5﴾ باری باری ہر اسلامی بہن سے درجے کے اندر جھاڑو پوچا لگوانا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# درجہ ذمہ دار اسلامی بہن کے کام

﴿1﴾ مدنی انعامات کے مطابق پورا دن گزارنے کی نیتیں کروانا۔

﴿2﴾ بیان میں شرکت کے لیے یا کیسٹ اجتماع یا vcd میں شرکت کے لیے تمام اسلامی بہنوں کو ترتیب رکھتے ہوئے بٹھانا اور واپس درجہ میں بغیر شور وغل کے لا کر بٹھانا۔

﴿3﴾ کھانے کی ترکیب تمام حلقوں کی ایک ساتھ اور اور نظم ونسق کے ساتھ کروانا۔

﴿4﴾ درجہ سطح پر ہونے والا درس اسلامی بہنوں کو دینے سے پہلے (طریقۂ کار کے مطابق) چیک کرنا۔

﴿5﴾ وقفۂ برائے آرام میں وقت پر آرام کی ترکیب کروانا۔

☆ درجہ ذمہ دار اسلامی بہن اس بات کا خیال رکھے کہ اسلامی بہنیں دوسرے درجہ میں جاکر یا فون پر بلا ضرورت گفتگو کر کے دوسرں کے لیے پریشانی کا باعث نہ بنیں۔

﴿6﴾ درجہ ذمہ دار اسلامی بہن کی ذمہ داری ہے کہ اس کے درجے کی اسلامی بہنیں وقت پر سونے کی ترکیب بنایا کریں۔

﴿7﴾ سورۂ ملک اور سورۂ یٰسین میں تمام اسلامی بہنوں کی شمولیت۔ تمام اسلامی بہنوں کو تہجد میں بیدار کر کے تہجد ادا کروانے کی سعادت۔ فجر میں تین آیات مع ترجمہ و تفسیر توجہ سے سننے، وقت پر نماز سے فارغ ہو کر شجرہ شریف پڑھنے کی ترکیب بنانا۔

﴿8﴾ ناشتہ سے فارغ ہو کر درجہ میں تدریس کے لیے ترتیب و نظم ونسق کا خیال رکھتے ہوئے اسلامی بہنوں کو بٹھانا۔ (ان تمام معاملات میں خاص توجہ رکھنا کہ ان تمام کاموں میں اسلامی بہنیں ذوق وشوق سے شمولیت اختیار کریں)

﴿9﴾ قفلِ مدینہ کی کارکردگی پہلے ہی دن سے بنا کر تمام اسلامی بہنوں کی کارکردگی پر نظر رکھتے ہوئے عمل میں اضافے کا خوش اُسلوبی سے ذھن بنانا، حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن سے روز کی روز وصول کر کے تحریر فرمالیا کریں۔

﴿10﴾ رات کی ناظمہ کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے نظم ونسق قائم رکھنا۔

﴿11﴾ درجہ ذمہ دار اسلامی بہن خاص توجہ رکھیں، اسلامی بہنیں لکھ کر یا اشارے سے ہی گفتگو کریں، ہنسی مذاق اور فضول گفتگو کا سلسلہ کرتی نظر نہ آئیں۔

﴿12﴾ درجہ میں باری باری ہر اسلامی بہن کے ذریعے جھاڑو پوچا لگوانا۔